# کنٹونمنٹ بورڈ رسالپور چھاؤنی

## نیلام عام برائے حقوق وصولی منڈی مویشیاں فیس

ہر خاص و عام خصوصاً منڈی مویشیاں کا کام کرنے والے حضرات کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ رسالپور چھاؤنی منڈی مویشیاں کا ٹھیکہ برقبہ 1.25 ایکٹر عرصہ ایک سال اور اچھی بولی کی صورت میں ٹھیکہ کی مد میں تین سال کے لئے بورڈ کی منظوری کے بعد توسیع کی جاسکتی ہے۔ جس کی نیلامی مورخہ 29/05/2025 کو دن 11:00 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ رسالپور میں ہوگی۔ اگر بولی کسی وجہ سے نہ ہوسکی تو دوبارہ بولی مورخہ 30/05/2025 اور سہ بارہ مورخہ 02/06/2025 کو دن 11:00 بجے ہوگی۔

**شرائط:۔**

1. خواہش مند بولی دہندگان کو بولی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ -/5,00,000 (پانچ لاکھ) زربیعانہ کسی شیڈولڈ بنک سے کال ڈیپازٹ کی صورت میں بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر رسالپور چھاؤنی ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروانا ہو گا۔ جو نیلامی کے اختتام پر ماسوائے کامیاب بولی دہندہ اور سیکنڈ ہائیسٹ بڈر قابل واپسی ہونگے۔ کال ڈیپازٹ / بنک ڈرافٹ پر بولی دہندہ کا نام بمع ولدیت درج ہونا لازمی ہے۔
2. کامیاب بولی دہندہ کو اپنی کل بولی کا 1/2 حصہ بولی کے اختتام پر موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ اگر کامیاب بولی دہندہ 1/2 حصہ موقع پر جمع نہیں کرواتا تو اس کا پہلے سے جمع شدہ زربیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگا۔
3. بولی میں منڈی مویشیاں کے کام کا سابقہ تجربہ رکھنے والے حضرات کو ترجیح دی جائے گی۔ نیز کسی بھی ادارے سے بلیک لسٹ یا ڈیفالٹر بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔
4. بورڈ کی حتمی منظوری کے بعد بولی (بڈ) کی رقم فی سال کے حساب سے یکمشت جمع کرنے کا پابند ہوگا، اور ٹھیکہ کی کل رقم پر ہر سال 15% سالانہ اضافہ کے ساتھ وصول کیا جائے گا۔
5. کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ پالیسی کے مطابق انکم ٹیکس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔
6. بولی پر PPRA رولز لاگو ہونگے۔
7. ٹھیکدار جانوروں کی فروختگی فیس مقرر کردہ شرح کے مطابق قیمت خرید پر 04% کے حساب سے فیس وصول کرنے کا پابند ہوگا۔
8. منڈی مویشیاں ہر ہفتہ میں بروز بدھ کو لگائی جائے گی۔
9. بعد از حتمی منظوری مجاز اتھارٹی کامیاب بولی دہندہ 07 یوم کے اندر کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ تحریری معاہدہ بابت منڈی مویشیاں کرنے کا پابند ہوگا۔
10. زیر دستخطی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی بھی بولی کو منظوری سے پہلے بغیر وجہ بتا کر PPRA رولز کے تحت مسترد کردے۔
11. کسی تنازعہ کی صورت میں معاملہ برائے ثالثی ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس پشاور ریجن بھجوایا جائے گا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور بولی دہندہ کسی عدالت میں چیلنج کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

دیگر شرائط / معلومات دفتری اوقات کار میں ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

موبائل نمبر 0331-9501040، 0923-568561

المشتہر:۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر

رسالپور کینٹ۔

CamScanner